نیوز ریلیز

# کینسر کے جان بچانے والے علاج تک رسائی کو بہتر بنانا

07 مارچ، 2025ء میڈیا انکوائریز

## البرٹا کی حکومت البرٹنز کیلئے ایک نئی، اختراعی دوا فراہم کرکے، ایڈوانسڈ پروسٹیٹ کینسر کے علاج تک رسائی کو بہتر بنا رہی ہے۔

البرٹا میں، ہر سال تقریباً 2,500 مَردوں میں پروسٹیٹ کینسر کی تشخیص کی جاتی ہے، صوبے میں چھ میں سے ایک مرد کی ان کی زندگی کے دوران تشخیص کی جا رہی ہے۔

کینسر میں مبتلا البرٹا میں رہنے والے لوگوں کو اس وقت دستیاب نہایت مؤثر علاج کی ضرورت ہے، اسی وجہ سے البرٹا کی حکومت کینسر کے علاج اور اس کی روک تھام دونوں کو بہتر بنانے کیلئے نئے اختراعی علاج کیلئے فنڈنگ فراہم کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔ ان کوششوں کی تائید کیلئے، البرٹا کی حکومت نے ایڈوانسڈ پروسٹیٹ کینسر کیلئے پلُووِکٹو (Pluvicto) کو، ایک نیا ریڈیو فارما سیوٹیکل علاج بنایا ہے، جو البرٹنز کیلئے دستیاب ہے۔

"ہم جانتے ہیں کہ ایڈوانسڈ پروسٹیٹ کینسر میں مبتلا البرٹنز اور ان کے صحت فراہم کرنے والے اس نئے علاج تک رسائی کا انتظار کرتے رہے ہیں۔ پلُووِکٹو (Pluvicto) کو اپنے صوبے میں لانا حکومت کی ایک ترجیح رہی ہے، اور مجھے خوشی ہے کہ اب ہم البرٹا میں رہنے والوں کو یہ ممتاز علاج پیش کر سکتے ہیں۔"

*ایڈری آنا لاگرینج (Adriana LaGrange)، وزیرِ صحت*

دسمبر 2024ء میں جونہی قومی قیمتوں کا معاہدہ طے ہوا، البرٹا نے پلُووِکٹو (Pluvicto) کو آؤٹ پیشینٹ کینسر ڈرگز کے شیڈول میں شامل کرنے کیلئے تیزی سے کام کیا، اور ہمارا صوبہ اونٹاریو اور نووا اسکوشیا کے ساتھ ایسا کرنے والا تیسرا صوبہ بن گیا۔ البرٹا ہیلتھ سروسز اب مینوفیکچرر کے ساتھ ایک حتمی معاہدہ تشکیل دے رہی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ یہ علاج مریضوں کیلئے قابل رسائی ہے۔ آؤٹ پیشینٹ کینسر ڈرگ بینیفٹ پروگرام مریضوں کو آؤٹ پیشینٹ کینسر ڈرگز کے شیڈول میں شامل کینسر کی ادویات تک بغیر کسی قیمت کے رسائی فراہم کرتا ہے۔

اس علاج کی پیشکش سے پہلے، صوبے نے خصوصی ہینڈلنگ، دوائی استعمال کروانے اور طبّی امیجنگ کے ساتھ ساتھ صحت فراہم کرنے والوں کو تربیت فراہم کرنے کا بندوبست کیا۔ توقع کی جاتی ہے کہ اس وریدوں میں داخل کی جانے والی ریڈیولیگینڈ (radioligand) تھراپی سے البرٹنز کا علاج اس ماہ کے آخر میں شروع ہو جائے گا۔

Classification: Public

ابتدا کرنے کیلئے یہ دوا پہلے ایڈمنٹن میں کراس کینسر انسٹیٹیوٹ (Cross Cancer Institute in Edmonton) میں دی جائے گی اورپھر اس سال کے آخر میں آرتھر جے ای چائلڈ کمپری ہینسِو کینسر سینٹر (Arthur J.E. Child Comprehensive Cancer Centre) میں دستیاب ہوگی۔

پلُووِکٹو(Pluvicto) وریدوں میں داخل کی جانے والی دوا کے ذریعے کیا جانے والا ایک علاج ہے جو کینسر سینٹر میں کیا جاتا ہے۔ یہ ایک ریڈیولیگینڈ (radioligand) پر مشتمل ہے – ایک ایسی چیز جو کسی تھوڑی سی تابکاری والے ہدفی مالیکیول سے جُڑتی ہے۔ یہ ریڈیولیگینڈ پروسٹیٹ کینسر کے خلیات پرکسی مخصوص ری سیپٹر ایکسپریشن سے منسلک ہوتا ہے، اور ان کو مارنے کیلئے ہدفی تابکاری فراہم کرتا ہے۔ علاج کروانے سے پہلے، مریض پی ای ٹی۔ سی ٹی اسکین (PET-CT scan) کروانے کے عمل سے گزرتے ہیں تاکہ تصدیق کی جا سکے کہ ان پر ری سیپٹر ایکسپریشن موجود ہیں، ایسا کرنا اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ علاج مؤثر ثابت ہوگا۔ اندازہ لگایا جاتا ہے کہ البرٹا میں ایڈوانسڈ پروسٹیٹ کینسر کے تقریباً 200 مریضوں میں وہ مخصوص ری سیپٹر موجود ہوتا ہے جس کی اس علاج سے مسفید ہونے کیلئے ہر سال ضرورت ہوتی ہے۔

مارچ 2024ء میں، البرٹا کی حکومت نے پروسٹیٹ سے مخصوص جِھلّی (پی ایس ایم اے) پوزیٹرون ایمیشن ٹوموگرافی /کمپیوٹڈ ٹوموگرافی (پی ای ٹی/ سی ٹی) اسکینز کی فراہمی کیلئے 5 ملین ڈالرکی رقم فراہم کی تاکہ اہلیت رکھنے والے البرٹنزکو ایڈوانسڈ پروسٹیٹ کینسرکی صحیح تشخیص کرنے اورپلُووِکٹو(Pluvicto)لگوا کر علاج کرنے میں مدد فراہم کی جا سکے۔

## متعلقہ معلومات

- اسپیشلائزڈ ڈرگ بینیفٹس – آؤٹ پیشینٹ کینسر ڈرگ بینیفٹ پروگرام

## میڈیا انکوائریز

**جیسی ریمپٹن (Jessi Rampton)**

587-357-3729
پریس سیکریٹری، البرٹا ہیلتھ

Classification: Public